© rasailojaraid.com



# خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۶۹)

☆ صدر ادارۂ تحقیق و امیر جماعت اسلامی ہند مولانا سید جلال الدین عمری مرکز کے کیمپس میں واقع مسجد اشاعتِ اسلام میں عیدین کا خطبہ دیتے ہیں۔اس مرتبہ (۲۲/ اگست ۲۰۱۸ء) انھوں نے نماز عید الاضحیٰ کے موقع پر جو خطبہ دیا تھا، اسے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نے 'امت مسلمہ سے خطاب' کتابچہ کی صورت میں شائع کر دیا۔ صفحات: ۸، قیمت ۔/۶ اروپے۔

☆ مولانا عمری نے جماعت اسلامی ہند کے ذمہ داروں کی ایک مجلس میں ملک میں آئندہ ہونے والے پارلیمانی انتخابات کے پس منظر میں ایک تقریر کی تھی، جس میں مسلمانوں کی اصولی اور عملی ذمہ داریاں بیان کی تھیں۔ اس کی اشاعت مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے ہوئی ہے اور پورے ملک میں اسے وسیع پیمانے پر تقسیم کیا گیا ہے۔ بہ عنوان 'آنے والے انتخابات اور امت مسلمہ کی ذمہ داری'، صفحات: ۱۶۔ اس کا ہندی اور علاقائی زبانوں میں بھی ترجمہ ہوا ہے۔

☆ سکریٹری ادارہ ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کے تین (۳) کتابچے مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے طبع ہوئے ہیں: (۱) زکوٰۃ۔ احکام و مسائل، صفحات: ۲۴، قیمت ۔/ ۲۰ روپے، (۲) اسلامی علوم میں خواتین کی خدمات، صفحات: ۳۲، قیمت ۔/ ۲۴ روپے، (۳) بچوں کے لیے سیرت کی کتابیں، صفحات: ۴۴۰، قیمت ۔/ ۲۸ روپے۔

☆ معاون سکریٹری اور رکنِ ادارہ مولانا محمد جرجیس کریمی کی کتاب 'توحید اور قیام عدل' چند برس قبل مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز سے شائع ہوئی تھی۔ مکتبہ سے اس کا ہندی ترجمہ بھی طبع ہوا تھا۔ اب اس کا ترجمہ کنڑ زبان میں بھی شائع ہو گیا ہے۔

☆ مؤرخہ ۱۴۔ ۱۵/ ستمبر ۲۰۱۸ء میں طلبہ تنظیم اسٹوڈنٹس اسلامک آرگنائزیشن آف انڈیا (S.I.O) کی جانب سے دینی مدارس کے طلبہ کے درمیان تجویز و قراءت،



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تقریر اور کوئز کے مسابقات ادارۂ تحقیق کے کیمپس میں منعقد ہوئے۔ اس کے اختتامی اجلاس کی صدارت مولانا سید جلال الدین عمری نے کی اور اظہارِ خیال کیا۔ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی بھی شریک اجلاس تھے۔

☆مؤرخہ ۱۶/ستمبر ۲۰۱۸ء کو ادارہ کے کانفرنس ہال میں علی گڑھ میں موجود سہ ماہی تحقیقات اسلامی کے مقالہ نگاروں اور ادارہ کے بہی خواہوں کی ایک نشست، مولانا عمری کی صدارت میں منعقد ہوئی۔ اس میں مسلم یونی ورسٹی کے تقریباً چالیس (۴۰) سینیر اساتذہ اوراصحابِ علم شریک ہوئے۔انھوں نےمجلہ کے ضمن میں اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔ اس موقع پر سکریٹری ادارہ نے ادارہ کی سرگرمیوں کا مختصر تعارف کرایا۔ پروگرام کی نظامت مولانا جرجیس کریمی نے کی۔

☆انسٹی ٹیوٹ آف آبجیکٹیو اسٹڈیز نئی دہلی میں امریکی دانش ور ڈاکٹر اسماعیل راجی الفاروقی کی تصنیف Cultural Atlas of Islam کی روشنی میں 'تہذیب اسلامی' کا ایک کورس تیار کرنے کے مقصد سے مؤرخہ ۳/ستمبر ۲۰۱۸ء کوایک ورک شاپ کا انعقاد کیا گیا، ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی نے اس میں شرکت کی اور کورس کے مشتملات، خاکہ اور دورانیہ کے تعلق سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

☆۱۲۔ ۱۳/اگست ۲۰۱۸ء کو دار العلوم دیو بند (وقف) میں 'مولانا محمد سالم قاسمی: حیات و خدمات' کے موضوع پر سمینار ہوا۔ اس میں رکنِ ادارہ مولانا کمال اختر قاسمی نے شرکت کی اور 'مولانا سالم قاسمی اور وحدتِ فکر و عمل' کے عنوان پر مقالہ پیش کیا۔

☆ادارۂ تحقیق کا دو سالہ تصنیفی تربیت کورس الحمد للہ کام یابی کے ساتھ چل رہا ہے۔ جناب سراج کریم سلفی کو، جنھوں نے اس سال تکمیل کر لی ہے، مزید ایک سال ادارہ میں رہ کر استفادہ کا موقع دیا گیا ہے۔ انٹرویو کے بعد ایک اور نوجوان، جناب عزیر احمد ندوی کو منتخب کیا گیا ہے۔

☆☆☆



© rasailojaraid.com